مجلہ حیاتِ نو | مدیر: مولانا نور محمد فلاحی۔ پتہ: بلریاگنج، اعظم گڑھ، ۲۷۶۱۲۱ (یوپی)، انڈیا۔ سالانہ زرتعاون ۳۰۰/- روپے۔ غیر ممالک سے ۱۵ امریکی ڈالر

مارچ اپریل شمارہ کا شمارہ بہت اچھے مضامین سے آراستہ ہے۔ مثلاً حج بدل، اسلامی فقہ اور اس کے جدید تقاضے، ابواسماعیل کا نثری سرمایہ، امام ابوحنیفہ اور آپ کی فقہ، دینی تعلیم کی ضرورت و اہمیت، ملک کی موجودہ صورتِ حال اور ہماری ذمہ داریاں، دینی مدارس اور ان کے مسائل (سیمینار کے عنوان)، اداریہ اور ایک تعلیمی کانفرنس کی رپورتاژ کے چند اہم مضامین۔ ان کو پڑھ کر ہر آدمی یہ محسوس کرے گا کہ یہ بقامت کہتر مجلہ بقیمت بہتر ہے۔ حجم اور عمق کے لحاظ سے اس خاص شمارے کو دیکھیں تو ۱۰۴ صفحات میں ۱۵ عنوانات پر مواد مطالعہ دیا گیا ہے۔ یہ کانفرنس نمبر ہے۔

ماہنامہ ندائے کسان | بادارت چودھری کمال سالار پوری و چودھری امداد علی صاحبان۔ پتہ: منصورہ ملتان روڈ، لاہور۔ قیمت فی شمارہ ۲/- روپے۔ سالانہ ۳۰/- روپے۔

ندائے کسان ایک ایسا ماہنامہ ہے جس میں زراعت کے مسائل اور کسانوں کی مشکلات بیان ہوتی ہیں۔ یہ شمارہ (جولائی) باجوہ نمبر ہے جس میں متعدد مضامین چودھری محمد اشرف باجوہ مرحوم کی شخصیت اور کاموں کے متعلق درج ہے۔ یہ نمبر چودھری صاحب کے جاننے والوں کے لیے خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔

خصائصِ اہلِ سنت | از حافظ مہر محمد میانوالی۔ ناشر: مکتبہ عثمانیہ، نور باوا نمبر ا، گوجرانوالہ

اس پمفلٹ میں یہ صحیح عقیدہ سمجھایا گیا ہے کہ "آپؐ کی آل اور اصحاب رضی اللہ عنہم تمام لوگوں سے افضل ہیں۔ آپؐ کی ازواجِ مطہرات، اہلِ بیت نبوت، تمام مومنین کی مائیں واجب الاحترام ہیں۔ آپؐ کے خلفائے راشدین سرمایۂ ایمان ہیں، صحابہ کرام دین کے ستون، اس کے راوی اور مبلغ ہیں۔ پس مقامِ مصطفےٰؐ کا تقاضا یہ ہے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خاصۂ نبوت یا کوئی وصف بعد کے کسی بزرگ کے لیے تسلیم نہ کریں۔